Advocates for Children of New York
Protecting every child's right to learn

NYCSA (نیویارک سٹی اسکول اکاؤنٹ) کو استعمال کرنے کا طریقہ

NYCSA کیا ہے؟

NYCSA نیو یارک سٹی ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن ("DOE") کی ویب سائٹ کی ایپلی کیشن ہے جس کی مدد سے آپ اپنے بچے کی تعلیم کے بارے میں اہم معلومات آن لائن ملاحظہ کر سکتے ہیں اور اسے مینیج کر سکتے ہیں۔ NYCSA انگریزی کے علاوہ نو دیگر زبانوں میں دستیاب ہے۔ NYCSA آپ کے بچے کے استاد اور اسکول کے عملے کے ساتھ آپ کے باقاعدہ رابطے کا متبادل نہیں ہے۔

NYCSA کے لئے کون اہل ہے؟

اگر آپ کا بچہ درج ذیل میں سے کسی پروگرام میں پری کنڈرگارٹن سے لے کر 12ویں جماعت تک تعلیم حاصل کر رہا ہے تو آپ کو NYCSA اکاؤنٹ تک رسائی حاصل ہے۔

- نیو یارک سٹی پبلک اسکول (ضلع 1-32، ضلع 75، ضلع 79)
- چارٹر اسکولز*
- منظور شدہ پری اسکول خصوصی تعلیمی پروگرامز*
- نیو یارک اسٹیٹ سے منظور شدہ غیر سرکاری اسکولز*

* اگر آپ کا بچہ درج ذیل میں سے کسی پروگرام کے تحت تعلیم حاصل کر رہا ہے تو معلومات محدود ہوسکتی ہے۔ اگر قابل اطلاق ہو تو NYC طلباء کے جملہ والدین کے پاس NYCSA پر اپنے بچے کی بس کے ذریعے نقل و حمل سے جڑی معلومات تک رسائی ہوتی ہے۔

میں NYCSA پر کیا دیکھ سکتا ہوں/ کر سکتا ہوں؟

"**فارمز**" والے سیکشن میں:
اسکول کے سروے اور سوالنامے سمیت دیگر اسکولی فارمز پُرکریں۔

"**والدین کی یونیورسٹی**" والے سیکشن میں:

محکمہ تعلیم کے وسائل اور گائیڈز تک رسائی حاصل کریں، اسکول سے جڑے ہوئے موضوعات پر آن لائن تربیت میں حصہ لیں۔

"**غنڈہ گردی کی رپورٹنگ**" والے سیکشن میں:

براہ راست DOE کو غنڈہ گردی کے واقعات کی رپورٹ کریں۔

"**سپورٹ ہب**" والے سیکشن میں:

نقل و حمل سے جڑے کسی مسئلے کی رپورٹ کریں، اپنے بچے کے آلے کے ضمن میں مدد حاصل کریں، اور بہت کچھ

"**میرا طالب علم**" والے سیکشن میں:
اپنے بچے کی درج ذیل معلومات تک رسائی حاصل کریں:

- گریڈ، ٹیسٹ کے اسکور، اور حاضری کا ریکارڈ
- سال کے اختتام پر پروموشن/سمر اسکول کی معلومات
- انگلش لینگویج لرنر ("ELL") کا اسٹیٹس
- داخلے کی سرگزشت
- ہائی اسکول گریجویشن کے تقاضے
- اگر آپ کا بچہ محکمہ تعلیم کی خصوصی تعلیمی خدمات حاصل کرتا ہے تو آپ کے بچے کے انفرادی تعلیمی پلان ("IEP") سے جڑی ہوئی معلومات۔
- نقل و حمل سے جڑی معلومات
- سرپرست اور ایمرجنسی رابطے کی معلومات

میں NYCSA اکاؤنٹ کیسے بناؤں؟

آن لائن

اپنے بچے کے اسکول سے "اکاؤنٹ بنانے کے لیے کوڈ" والے خط کی درخواست کریں۔ آپ کو ایک NYCSA بنانے یا کسی موجودہ NYCSA اکاؤنٹ میں اضافی بچوں کو شامل کرنے کے لئے اس کوڈ اور آپ کے بچے کے 9 ہندسوں والے طالب علم آئی ڈی نمبر کی ضرورت ہوگی۔

- www.schoolsaccount.nyc پر جائیں اور "اکاؤنٹ بنائیں" کو منتخب کریں۔
- اپنا نام، فون نمبر اور ای میل پتہ درج کرکے اپنا اکاؤنٹ سیٹ کریں۔ آپ سے اپنے ای میل پتے کی تصدیق کرنے اور اپنے NYCSA اکاؤنٹ کے صفحہ پر تصدیقی نمبر درج کرنے کو کہا جائے گا۔
- اپنی پروفائل کی تصدیق کے لیے ایک پاس ورڈ بنائیں اور اکاؤنٹ سیکیورٹی کے تین سوالات کے جواب دیں۔
- اپنے بچے کی پروفائل کو اپنے NYCSA سے لنک کرنے کے لیے اپنے بچے کا اکاؤنٹ بنانے والا کوڈ اور 9 ہندسوں والی طالب علم آئی ڈی درج کریں۔

از خود یا ٹیلی کانفرنس کے ذریعے

اپنے بچے کے اسکول میں یا ٹیلیفون کے ذریعے اپائنٹمنٹ کا وقت طے کریں۔ آپ کو درج ذیل چیزیں درکار ہوں گی:

- تصویری آئی ڈی یا فون پر آپ کی شناخت کی تصدیق کرنا؛
- آپ کے بچے کا 9 ہندسوں والا طالب علم آئی ڈی نمبر، جو اس کے رپورٹ کارڈ پر لکھا ہوا ہے؛ اور
- ایک ای میل پتہ۔

اسکول کے عملے کا ایک ممبر آپ کا اکاؤنٹ بنانے میں مدد کرے گا اور آپ کو ایک عارضی پاس ورڈ فراہم کرے گا۔ آپ کے پاس اپنے اکاؤنٹ کا پاس ورڈ اپ ڈیٹ کرنے اور اپنی پروفائل کی تصدیق کرنے کے لیے 30 دن کا وقت ہے۔

میں اپنے NYCSA اکاؤنٹ پر زبان کیسے تبدیل کروں؟

اپنے NYCSA ڈیش بورڈ کے اوپری دائیں کونے پر موجود "سیٹنگز" والے آئیکن ⚙ پر کلک کریں۔
سیٹنگز والے مینیو پر نیچے زبان کی ترجیح تک اسکرول کریں اور اپنی پسند کی زبان پر کلک کریں۔ آپ 10 زبانوں کے آپشنز میں سے منتخب کرسکتے ہیں۔
"محفوظ کریں" پر کلک کریں۔ آپ سے لاگ آؤٹ کرنے اور دوبارہ لاگ ان کرنے کو کہا جائے گا تاکہ اس تبدیلی کو عمل میں لایا جا سکے۔

بھائی بہن

اگر آپ کے ایک سے زیادہ بچے NYC پبلک اسکول سسٹم میں شامل ہیں تو آپ کو اپنے NYCSA سے انہیں لنک کرنے کے لیے ہر بچے کا اکاؤنٹ بنانے کے لیے کوڈ والا خط اور 9 ہندسوں والا طالب علم آئی ڈی نمبر درکار ہوگا۔

رسائی شیئر کرنا

آپ اپنے بچے کی معلومات دیکھنے کے لیے اپنے بچے کی تعلیم میں ملوث دیگر بالغ افراد کو بھی مدعو کر سکتے ہیں۔
NYCSA بنانے کے لئے آپ جس شخص کو مدعو کریں گے اُس کے پاس اکاؤنٹ بنانے والا کوڈ اور آپ کے بچے کی 9 ہندسوں والی طالب علم آئی ڈی دونوں ہونی چاہئے۔

اگر کوئی سوال ہو تو کس سے رابطہ کرنا ہے؟

اگر آپ کو کوئی مدد چاہیے یا اپنے اکاؤنٹ کو نیویگیٹ کرنے کے بارے میں آپ کے کوئی سوالات ہیں تو اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں، 311 پر کال کریں، یا www.schoolsaccount.nyc پر جائیں۔ آپ AFC کی مفت Jill Chaifetz ایجوکیشن ہیلپ لائن نمبر (866) 427-6033 پر پیر سے جمعرات صبح 10 بجے سے شام 4 بجے تک تعلیم سے متعلق کوئی بھی سوال پوچھنے کے لیے کال کر سکتے ہیں۔

یہ فیکٹ شیٹ قانونی مشورہ پر مبنی نہیں ہے۔ اس فیکٹ شیٹ میں AFC کے موقف کا ذکر کیے بغیر موجودہ پالیسیوں یا قوانین کا خلاصہ پیش کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔
اگر آپ کو کوئی قانونی مسائل درپیش ہیں تو براہ کرم کسی اٹارنی یا وکیل سے رابطہ کریں۔
کاپی رائٹ © جون 2023 از ایڈووکیٹس فار چلڈرن آف نیو یارک، انکارپوریشن۔